سوال

اوران کا کھانا 566

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پ براہ مہربانی اخبار اہلحدیث میں تحریر فرمایئں۔ کہ قرآن پاک وحدیث شریف کے بموجب لڑکیوں کا حصہ وراثت نہ دینے والوں کا نذرانہ لینا اوران کا کھانا کھانا مولویوں کواورانکی دعوتوں میں شریک ہونا عام مسلمانوں کوجائزہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

باپ جب تک زندہ ہے۔ اس پر حصہ نہ دینے والالفظ صادق نہیں آتاہاں اگروہ وصیت لکھ دے۔ کہ میرے ترکہ میں سے میری لڑکیوں کا نہ دینا۔ توظالم ہے۔ اس کی کمائی جائزطریق سے ہے۔ تونزرانہ اوراس کی دعوت جائزہے۔ حرام کی کمائی توحرام ہے لڑکیوں کوحصہ سے محروم کرنا ظلم ہے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص534

محدث فتویٰ